غیر لاطینی ثقافتوں والے نئے طلباء کیلئے

فوری ہم آہنگی کی کلاسیں

پہلا سیمسٹر (ستمبر-جنوری)

آپ کی تعلیمی کامیابی کیلئے بہترین ہم آہنگی!

- 5 ماہ
- سکول کے اوقات (30 گھنٹے / ہفتہ)
- کاتالان زبان اور ثقافت
- انفرادی مدد

Consorci d'Educació de Barcelona
Generalitat de Catalunya
Ajuntament de Barcelona

کس کے لیے ہے؟

- ESO کے درجہ 2 اور 3 کے غیر ملکی طلباء جو پہلے کاتالونیا کے کسی مرکز میں داخل نہ رہے ہوں (مئی 2023 میں اور ستمبر کے آخر تک داخلہ کی درخواست دینی چاہئے)۔
- درجہ 4 کے طلباء اگر کنشورشیم رہنمائی برائے تعلیم فیصلہ کرے تو ایک ابتدائی انٹرویو کے بعد داخلہ کیا جاتا ہے۔

کیوں؟

- آپ حال ہی میں کاتالونیا تشریف لائے ہیں، جہاں **کاتالان سرکاری تعلیمی نظام میں استعمال ہونے والی زبان ہے**۔
- فوری ہم آہنگی کی کلاسیں ان طلباء کے لیے ایک نئی مفت خدمت ہے جو حال ہی میں تشریف لائے ہیں اور جن کی **زبان بہت مختلف ہے**۔ یعنی، ان کا تعلق غیر لاطینی ثقافتوں سے ہے یا پھر یہ پھر یہ لاطینی حروف تہجی کا استعمال نہیں کرتیں۔
- ان کلاسوں میں ہم طلباء کو مخصوص مدد دیتے ہیں تاکہ وہ **پُراعتماد** ہوں اور زیادہ جلدی **کاتالان کا بنیادی علم اور زبان پر عبور حاصل کریں** (درجہ A2) **تاکہ سیکنڈری تعلیمی مرکز میں ایک اچھی شمولیت اور تعلیمی سفر کی یقین دہانی ہو**۔

کیا سکھایا جاتا ہے؟

- فوری ہم آہنگی کی کلاسوں میں قریباً **20 طلباء اور 2 اساتذہ** مستقل طور پر موجود ہوتے ہیں۔
- **گفتگو کی اہلیت** کے لیے تربیت مشمول ہے، جس میں ضروری **لسانی**، **سماجی ثقافتی** اور **نفسیاتی تدریسی** اور **جذباتی** اہلیتیں شامل ہیں۔ جب بھی ممکن ہو، اس کے علاوہ **جسمانی ورزشی تربیت** اور **موسیقی**، **پلاسٹک** اور بصری یا ویزئل آرٹس کی تعلیم بھی دی جائے گی۔
- یہ تربیت 6 ستمبر سے 31 جنوری تک فراہم کی جاتی ہے، جس میں ہفتہ وار **30 گھنٹے** آمنے سامنے سیکنڈری مراکز سے ملتے جلتے تعلیمی اوقات میں تربیت فراہم کی جاتی ہے۔

اہم

- اس سیکنڈری تعلیم کے مرکز میں **داخلہ** کروانا ہو گا جو آپ کو **تعلیم کے حصول کے لیے تقرر کیا گیا ہے**۔
- اگر آپ شرائط پر پورا اترتے ہوں تو انسٹیٹیوٹ جہاں داخلہ لیتے ہیں وہاں **وظیفہ ڈائننگ** کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

کہاں؟

- بارسیلونا میں فوری ہم آہنگی کی 8 کلاسیں موجود ہیں۔ ہم آپ کیلئے ایک کلاس مقرر کریں گے جو آپ کی نزدیکی اور دستیابی پر منحصر ہو گی۔

داخلے کے مرکز میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔